BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کی خدمات میں توسیع کے لیے سٹی نے ایک فیصد ہسپتال لیوی کی منظوری دے دی ہے

برامپٹن، آن (7 اپریل 2022) – گزشتہ روز اپنے اجلاس کے دوران، برامپٹن سٹی کونسل نے برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کی خدمات میں توسیع میں معاونت فراہم کرنے کے لیے ایک فیصد ہسپتال لیوی کی منظوری دی ہے۔ لیوی کی مد میں رکھی جانے والی یہ رقم پیل میموریل ہسپتال اور برامپٹن سوک ہسپتال میں قائم شدہ کینسر کیئر سنٹر کی ترقی اور توسیع کے لیے مقامی حصہ کی جانب سے مالی معاونت میں مدد فراہم کرے گی۔

ولیم اوسلر ہیلتھ سسٹم کا تخمینہ ہے کہ پیل میموریل ہسپتال کی ترقی اور توسیع کے لیے 700$ ملین جبکہ کینسر کیئر سنٹر کی ترقی کے لیے 365$ ملین لاگت آئے گی، جس پر مجموعی لاگت کا تخمینہ 1.1$ بلین ہے۔ ان منصوبوں کے لیے درکار مقامی حصے کا تخمینہ 250$ ملین ہے۔ اوسلر سٹی کی جانب سے تخمینہ شدہ مقامی حصے کا 50 فیصد مانگ رہا ہے، جس کا موجودہ طور پر تخمینہ 125$ ملین بنتا ہے۔

برامپٹن کے رہائشیوں کو ہسپتال لیوی کے نتیجے میں اوسطاً سالانہ رہائشی ٹیکس بل میں 23.29$ کا اوسط اضافہ نظر آئے گا۔ 2022 کے بجٹ میں ایک حصے کے طور پر، سٹی نے نئے پیل میموریل ہسپتال کے لیے مقامی حصے کے لیے 62.5M$ کی فنڈنگ مختص کر کے صحت کی دیکھ بھال کی توسیع کے لیے اپنی وابستگی ظاہر کی ہے۔ ہسپتال لیوی کی آج دی جانے والی منظوری اسی عزم کی بنیاد پر ہے۔ رہائشی ٹیکس کے حتمی بل جولائی، اگست اور ستمبر میں واجب الادا قسطوں کے ساتھ جون میں بھیجے جائیں گے۔ ٹیکسوں کے بارے میں مزید معلومات Brampton.ca سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

تاریخی طور پر اگر دیکھا جائے، تو برامپٹن کو کبھی بھی صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کے لیے اپنے فنڈز کا منصفانہ حصہ نہیں ملا، جس کے نتیجے میں ہسپتالوں میں زیادہ ہجوم بن جاتا ہے اور ہمیں مجبوراً ہال میں علاج دینا پڑتا ہے اور اس میں کووڈ-19 کی وجہ سے مزید اضافہ ہوا ہے۔ جنوری 2020 میں، سٹی آف برامپٹن نے ہیلتھ کیئر ایمرجنسی کا اعلان کیا تھا اور برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کے فرق پر قابو پانے کے لیے صوبے سے اضافی فنڈنگ کی درخواست کرتے ہوئے اپنی وکالت کی مہم "فیئر ڈیل فار برامپٹن" کا آغاز بھی کیا تھا۔

مارچ 2021 میں، سٹی نے اوسلرز پیل میموریل سنٹر فار انٹیگریٹڈ ہیلتھ اینڈ ویلنیس کو ایک نئے ہسپتال کی شکل میں توسیع دینے کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے بجٹ کے اعلان کا خیرمقدم کیا تھا۔ اس ہفتے کے آغاز میں، صوبے نے اعلان کیا کہ وہ اوسلر کی جانب سے پیل میموریل کو 24/7 ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اندرونی مریضوں کے نئے ہسپتال میں تبدیل کرنے اور برامپٹن سوک ہسپتال میں کینسر کی دیکھ بھال کی خدمات کو بڑھانے کے لیے 21$ ملین کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔

'فیئر ڈیل فار برامپٹن' مہم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"تاریخی طور پر، ہمارے شہر کو صحت کی دیکھ بھال کی خدمات میں فنڈز کا منصفانہ حصہ نہ ملنے کی وجہ سے برامپٹن کے ہسپتالوں میں بے پناہ رش ہو جاتا ہے اور ہمیں مجبوراً ہسپتالوں کے ہال میں علاج شروع کرنا پڑ جاتا ہے۔ برامپٹن سٹی کونسل، برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کے فرق پر قابو پانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے اور ہماری کمیونٹی میں صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کو فنڈ دینے میں ہماری معاونت کرنے کے لیے ہم اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

- *ہرکیرات سنگھ، سٹی کونسلر وارڈز 9 اور 10؛ چیئر، کوآپریٹ سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"پچھلے سال ایک ٹیلی ٹاؤن ہال کے دوران، سٹی کی جانب سے منعقد کی گئی ایک رائے شماری میں 70 فیصد سے زیادہ رہائشی متفق تھے کہ وہ برامپٹن میں ایک نئے فل سروس ہسپتال کی فنڈنگ میں مدد فراہم کرنے کے لیے لیوی کی حمایت میں ہیں۔ ہماری کمیونٹی کو

ماضی میں صحت کی دیکھ بھال کی مالی امداد کا اپنا منصفانہ حصہ نہیں ملا اور ہمارے مقامی ہسپتالوں میں مریضوں کی بھیڑ میں صرف کووڈ-19 وبائی مرض کی وجہ سے کافی اضافہ ہوا ہے۔ برامپٹن سٹی کونسل ہمارے رہائشیوں کی صحت اور تندرستی کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے وقف ہے اور یہ کہ ہماری کمیونٹی کو صحت کی ایسی دیکھ بھال ملنی چاہیے جس کی وہ مستحق ہے۔"

- *پیٹ فورٹینی، ریجنل کونسلر وارڈز 7 اور 8، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کینیڈا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی کمیونٹیز میں سے ایک ہے اور ایک اچھی طرح سے چلائے جانے والے شہر کے طور پر، ہم برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کی ہنگامی صورتحال سے نمٹ رہے ہیں اور اپنی صحت کی مستقبل کی دیکھ بھال کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ ہم برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کے لیے ایک مضبوط مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے اپنے رہائشیوں کی صحت اور بہبود کے مفاد میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کے شعبے کے لیے یہ ایک تاریخی لمحہ ہے۔ ہسپتال کی تعمیر نو کے لیے موجودہ تخمینہ شدہ مقامی حصہ کے **50** فیصد کی حمایت کرنے کے لیے سٹی کونسل کا عزم اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرے گا کہ اوسلر کے پاس بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے لیے ایسے وسائل موجود ہوں جن کی اس کمیونٹی کو ضرورت ہے اور جس کے وہ مستحق ہیں۔ یہ جرات مندانہ اور ضروری قدم اٹھانے اور ہماری تیزی سے بڑھتی ہوئی کمیونٹی کی خدمت کرنے کے لیے ہسپتال کی زیادہ سے زیادہ صلاحیت میں اضافہ کرنے کے لیے، اوسلر، سٹی کونسل کی کاوشوں کی تعریف کرتا ہے۔ کونسل کا عزم آنے والے سالوں کے لیے ہماری کمیونٹی کے صحت کے شعبے میں ایک شاندار سرمایہ کاری ہے۔"

- جیفری رچی، چیئر، ولیم اوسلر ہیلتھ سسٹم بورڈ آف ڈائریکٹرز

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca